# حضرت امام حسن رضی اللہ تعالی عنہ کی شہادت کی تاریخ

دارالافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت کس تاریخ کو ہوئی تھی؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

نواسہ رسول، راکبِ دوش مصطفی، حضرت سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت 5 ربیع الاول 49ھ کو مدینہ منورہ میں ہوئی۔

چنانچہ "تاریخ الخلفاء للسیوطی" میں ہے "وكانت وفاته سنة تسع وأربعين، وقيل: في خامس ربيع الأول سنة خمسين" ترجمہ: امام حسن رضی اللہ عنہ کی وفات 49ھ کو ہوئی اور کہا گیا ہے کہ 5 ربیع الاول، مطابق 50ھ کو ہوئی۔

(تاریخ الخلفاء للسیوطی، صفحہ 147، مکتبۃ نزار مصطفی الباز)

صدرالافاضل مفتی سید محمد نعیم الدین مرادآبادی رَحْمَۃُ اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات: 1367ھ/1947ء) لکھتے ہیں: "آپ نے پانچویں ربیع الاول 49ھ کو اس دارنا پائیدار سے مدینہ طیبہ میں رحلت فرمائی۔" (سوانح کربلا، صفحہ 99، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب**: مولانا عبدالرب شاکر عطاری مدنی

**فتوی نمبر**: WAT-4197

**تاریخ اجراء**: 04ربیع الاول 1447ھ/29اگست 2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net